
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچے' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کیا اُنہوں نے کبھی میٹھے رنگ دیکھے ہیں ان کے خیال میں میٹھے رنگ کیا ہیں۔ بچے جو جواب دیں انہیں گفتگو میں شامل کرتے ہوئے بتائیں کہ آج ہم جو کتاب پڑھیں گے اس کو پڑھنے کے بعد ہمیں معلوم ہوگا کہ میٹھے رنگ کیا ہیں۔

10 منٹ
- بچوں میں کہانی کی کتابیں تقسیم کیجئے۔ بچوں سے کہیں کے اب تصاویر دیکھ کر بتائیں کہ میٹھے رنگ کیا ہیں؟
  - 6-8 بچوں سے بلند آواز میں کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مددکریں۔

10 منٹ
- بچوں سے چند سوالات زبانی پوچھیں۔
  - کیا انھوں نے کبھی گولا گنڈا کھایا ہے۔ کیا گولا گنڈا کھانے پر ان کو ڈانٹ پڑی ہے۔
  - کن بچوں کے ساتھ اُن کے نانا، نانی یا دادا، دادی رہتے ہیں۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ وہ امّی/ ابّو سے چھپ کر اور اپنے نانا / نانی کے ساتھ مل کر ایسے کونسے کام کرتے ہیں جو انھیں کرنے میں مزہ آتا ہے۔
  - بچوں کو باری باری اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیجئے۔ اب بچوں سے کہیں کہ اس بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

15 منٹ
- کام مکمل کرنے کے بعد ٹیچر بورڈ پر کالم بنائیں اور مزکراور مونث کی فہرست بنانے کا کام بچوں کے ساتھ مل کر کریں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| دادا | دادی |
| نانا | نانی |
| چاچا | چاچی |
| پھوپھا | پھوپھی |
| ماموں | ممانی |
| تایا | تائی |
| خالو | خالہ |

# سیشن 2

10 منٹ
- 8-6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی بلند آواز میں کروائیں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کیا اُنھیں معلوم ہے کہ گولا گنڈا کیسے بنتا ہے۔
  - بچوں کو ترکیب بتانے کا موقع دیں۔
  - اس موقع پر بچوں کو بتائیں کے گولے گنڈے میں استعمال ہونے والا شربت پھول اور پھلوں کے رس سے بنتا ہے کچھ شربتوں میں صرف پانی میں چینی اور پھولوں کی خوشبو شامل کی جاتی ہے۔

20 منٹ
- ٹیچر گولا گنڈا بنانے کی ترکیب بورڈ پر لکھیں۔

**اشیاء**

| | | |
|---|---|---|
| برف | آم کا شربت | گلاس |
| فالسہ کا شربت | لال شربت | لکڑی کی باریک ڈنڈی |

## ترکیب

برف کو اچھی طرح کوٹ لیں کٹی ہوئی برف کو لکڑی پر اس طرح چڑھائیں کہ ایک گولا سا بن جائے۔ گولے پر چمچ کی مدد سے دو/تین قسم کے شربت اس طرح ڈالیں کہ برف کا گولا اچھی طرح سے ان میں بھیگ جائے اب مزے سے گولا گنڈا کھائیں۔

## نوٹ

اگر لکڑی کی ڈنڈی پر برف چڑھانا مشکل ہو تو کسی گلاس میں بھی برف ڈال کر اس پر مختلف قسم کے شربت ڈالیں۔ گولا گنڈا تیار ہے۔

ترکیب کے آخر میں بچے اپنی پسند کے شربتوں کے نام لکھیں مثلاً:

آم کا شربت، شہتوت کا شربت، فالسہ کا شربت، گلاب کا شربت، صندل کا شربت

## گھر کا کام

| | |
|---|---|
| • کہانی اچھی طرح سے پڑھیں۔ املا کی تیاری کر کے آئیں۔ | 5 منٹ |

# سیشن 3

| | |
|---|---|
| • بچوں سے کہیں کے اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ | 10 منٹ |
| • املا کی اصلاح کروائیں۔ | 10 منٹ |

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔

- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔

- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ کھانوں کی ایسی چیزوں کی فہرست بنائیں جنہیں ان کی امّی یا گھر کے بڑے کھانے سے منع کرتے ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- کلاس میں لکھوائی گئی گولے گنڈے کی ترکیب سے گولا گنڈا بنائیں اس کام کے لئے امّی سے مدد لیں۔

| ٹیچر کے لئے نوٹ |
| --- |
| اگلے سیشن کے لیے نیچے دی گئی چیزوں کا انتظام کریں۔ سفید کاغذ، برش اور پیالے، بنیادی رنگوں کے پوسٹر، رنگین پینسل |

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں کو بنیادی (primary) اور ثانوی (secondary) رنگوں کے بارے میں بتائیں۔
  - بچوں کو بتائیں کہ لال، نیلا اور پیلا بنیادی رنگ ہے ان کو ملا کر ثانوی رنگ جامنی نارنجی اور ہرا بنتے ہیں باقی تمام رنگ انہیں 6 رنگوں کو ملا کر بنتے ہیں۔

15منٹ
- ثانوی اور بنیادی رنگوں کے نام انگریزی میں بورڈ پر لکھیں بچے فہرست اپنی کوپی میں لکھیں۔

| secondary colour | ثانوی رنگ |
|---|---|
| orange | نارنجی |
| purple | جامنی |
| green | ہرا |

| primary colour | بنیادی رنگ |
|---|---|
| red | لال |
| blue | نیلا |
| yellow | پیلا |

20منٹ

- سفید کاغذ بچوں میں بانٹیے اس پر بنیادی رنگوں کو بنا کر ثانوی رنگ بنوائیں۔

- بورڈ پر مثال دے کر سمجھائیں کہ بچوں کو کیا کرنا ہے۔

لال + پیلا = نارنجی

- بچے پہلے بوکس میں لال رنگ کریں، دوسرے بوکس میں پیلا اور تیسرے بوکس میں پہلے لال رنگ پھر اس کے اوپر پیلا رنگ کریں۔ تیسرے بوکس میں نارنجی رنگ بن جائے گا۔

- اسی طرح نیلا اور لال ملا کر جامنی بنائیں۔ نیلا اور پیلا ملا کر ہرا بنائیں۔

## گھر کا کام

- اپنے پسندیدہ رنگ کی کسی پندرہ چیزوں کے نام لکھیں۔

**نوٹ**

اگلے سیشن کے لئے گھر سے پرانے کپڑوں کے ٹکڑے، بٹن، دھاگا، کاغذ، قینچی، گوند، سفید کاغذ لے کر آئیں۔ ٹیچر بھی ان چیزوں کا بندوبست کرلیں۔

## سیشن 5

30 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کتاب کی تصاویر کولاج (collage) کا طریقہ استعمال کرکے بنائی گئی ہیں جس میں کپڑوں کی مختلف کترنیں، کاغذ اور بٹن وغیرہ کا استعمال کیا گیا ہے۔
  - بچے بھی اسی تیکنک کا استعمال کرتے ہوئے گھر سے لائی ہوئی اشیاء کی مدد سے نانا/دادا کی تصویر بنائیں۔

15 منٹ
- ان کے بارے میں پیراگراف لکھیں۔
  - کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر بچوں کے کئے گئے کام کا کلاس میں ڈسپلے کریں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیے۔

25 منٹ
- کہانی میں سے الفاظ اور ان کی ضد پر کام کروائیے۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| خوشی | غم |
| جلدی | دیر |
| میٹھا | کڑوا |
| نیا | پرانا |
| رنگ | بے رنگ |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| مزہ | بد مزہ |
| ہنسنا | رونا |
| دیر | جلدی |
| خریدنا | بیچنا |
| ٹھنڈا | گرم |

| | | |
|---|---|---|
| 10 منٹ | • | کام مکمل ہونے کے بعد بچے گولے گنڈے والے کے ٹھیلے سے گولے گنڈے کی خریداری کے منظر پیش کریں۔ جس میں ایک بچہ گولے گنڈے والا بن جائے جبکہ چند بچے اس سے گولا گنڈا خریدنے کی اداکاری کریں۔ |

# میٹھے رنگ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk